جامعہ کے استاذ و امام جامع مسجد بنوری ٹاؤن کو صدمہ

جامعہ کے سابق امام مولانا قاری سید رشید الحسن رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ محترمہ اور جامعہ کے استاذ و امام وخطیب جامع مسجد بنوری ٹاؤن مولانا سید یوسف حسن طاہر، استاذ و نائب امام مولانا سید عتیق الحسن، استاذ و مؤذن مولانا سید مزمل حسن کی والدہ ماجدہ ۱۳/ جمادی الاولیٰ ۱۴۴۵ھ مطابق ۲۸/نومبر ۲۰۲۳ء بروز منگل انتقال فرماگئیں۔ إنا للہ وإنا إلیہ راجعون، إن للہ ما أخذ ولہٗ ما أعطی وکل شيء عندہٗ بأجل مسمّٰی. اللّٰھم اغفر لھا وارحمھا وعافھا واعف عنھا وأکرم نزلھا ووسع مدخلھا . آمین.

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے ، درجات بلند فرمائے اور صاحبزادگان اور دیگر پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے، آمین۔

قارئین بینات سے اُن کے لیے ایصالِ ثواب اور دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔